# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

# END-OF-YEAR ASSESSMENT

**FINAL TERM**

## SUBJECT: URDU

## GRADE-7

**[Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ____________________

**Student Name :** ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

## حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: ماضی شکیہ کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) عرفان مسجد جارہا تھا۔ (b) عرفان مسجد جاتا تھا۔ (c) عرفان مسجد جاچکا تھا۔ (d) عرفان مسجد گیا ہو گا۔

سوال نمبر 2: لفظ "لقب" کی درست جمع الجمع ہے:

(a) لقابات (b) لقوب (c) القابات (d) القاب

سوال نمبر 3: "تین میں نہ تیرہ میں" کا درست مفہوم ہے:

(a) ظاہر کچھ باطن کچھ (b) کسی شمار میں نہیں
(c) سچ اور جھوٹ کو الگ الگ کرنا (d) بد انتظامی اور بد سلیقگی

سوال نمبر 4: اِسمِ عَلَم کی درست مثال ہے:

(a) راوی، ستلج (b) وہ، یہ (c) اگر، جو (d) علّامہ، شہیدِ ملت

سوال نمبر 5: "وہ آج ہی اپنا کام ختم کرلے گا۔" لفظ "وہ" اسم ضمیر کی قسم ہے:

(a) اسم ضمیر شخصی (b) اسم ضمیر استفہامیہ (c) اسم ضمیر موصولہ (d) اسم ضمیر تنکیری

سوال نمبر 6: "سفید اس کا، سیاہ اس کا / / نفس نفس ہے گواہ اس کا" جملے میں "سفید اور سیاہ" ہیں:

(a) جمع الفاظ (b) مترادف الفاظ (c) متضاد الفاظ (d) تشابہ الفاظ

سوال نمبر 7: تذکیر کے لحاظ سے درست جملہ ہے:

(a) ابو کام پر گئے ہیں۔ (b) دادی جان نے کہانی سنائی۔
(c) امی بازار سے آیا۔ (d) دادا جان نے ناشتہ بنائی۔

سوال نمبر 8: درج ذیل میں مرکب جملہ ہے:

(a) میں نے ٹیلی فون پر بات کی۔ (b) حمزہ نے احمد کو سلام کیا۔
(c) عالیہ اسلام آباد گئی تھی۔ (d) علی آیا اور کھیل شروع ہو گیا۔

سوال نمبر 9: "علم ایک روشن چراغ ہے جو اندھیروں میں راہ دکھاتا ہے۔" اس جملے میں استعمال ہے:

(a) تشبیہ کا (b) استعارہ کا (c) تلمیح کا (d) ردیف کا

سوال نمبر 10: تانیث کے لحاظ سے درست جملہ ہے:

(a) بہن نے اپنا قلم مجھ سے مانگا۔ (b) بہن نے اپنی کاپی مجھ سے مانگی۔
(c) بہن نے اپنا بستہ مجھ سے مانگا۔ (d) بہن نے اپنا جوتا مجھ سے مانگا۔

سوال نمبر 11: متلازم الفاظ کا حامل جملہ ہے:

(a) اساتذہ صبح سے اپنا کام پوری توجہ سے کر رہے ہیں۔ (b) طلبہ کو محنت کرنی چاہیے تاکہ وہ مستقبل میں کامیاب ہو سکیں۔
(c) آج کل سکولوں میں شجر کاری ہو رہی ہے۔ (d) ہسپتال میں ڈاکٹر آپریشن تھیٹر میں سٹریچر پر مریض کو پٹی کر رہا ہے۔

سوال نمبر 12: حرفِ علت کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) محنت کرو تاکہ امتحان میں کامیاب ہو جاؤ۔ (b) محنت کرنے والوں کو اللہ پسند کرتا ہے۔
(c) محنت کرنے سے کامیابی ملتی ہے۔ (d) محنت کرنے والا کبھی ناکام نہیں ہوتا۔

سوال نمبر 13: لاحقہ "نشین" سے بننے والے الفاظ کی درست فہرست ہے:

(a) پردہ نشین، خاک نشین، ذہن نشین (b) صلح نشین، نغمہ نشین، گوشہ نشین
(c) کمبل نشین، میز نشین، دور نشین (d) صلح نشین، دانش نشین، شہری نشین

سوال نمبر 14: مذکر غیر حقیقی کی مثال ہے:

(a) کتاب (b) درخت (c) روٹی (d) مٹی

سوال نمبر 15: حرف ندا کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) واہ! کیا خوب صورت منظر ہے۔ (b) ہُرا! میں امتحان میں پاس ہو گیا۔
(c) بچو! محنت کامیابی کی کنجی ہے۔ (d) افسوس! میں کامیاب نہ ہو سکا۔

سوال نمبر 16: واوین کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) علی (میرا ہم جماعت) بہت ذہین لڑکا ہے۔ (b) کامیابی کے تین بنیادی اصول ہیں: محنت، ایمان داری اور صبر۔
(c) بارش ہو رہی تھی؛ اس لیے ہم سکول نہیں گئے۔ (d) نانا جان نے ہمیں نصیحت کی، "ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔"

سوال نمبر 17: تشابہ الفاظ کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) کابل بہت قابل لوگوں کا شہر ہے۔ (b) کابل بہت لائق لوگوں کا شہر ہے۔
(c) کابل بہت ذہین لوگوں کا شہر ہے۔ (d) قابل بہت کابل لوگوں کا شہر ہے۔

سوال نمبر 18: لفظ "موصول" کا درست تلفظ ہے:

(a) مَوُصُوُل (b) مُوُصُوُل (c) مَوُصَوُل (d) مَوِصُّوُل

سوال نمبر 19: مترادف الفاظ پر مشتمل جملہ ہے:

(a) روشنی اندھیرے کو دور کر دیتی ہے۔ (b) عقل اور دانش انسان کی بڑی قوتیں ہیں۔
(c) خوشیاں اور غم زندگی کا حصہ ہیں۔ (d) سچ اور جھوٹ میں ہمیشہ فرق رہتا ہے۔

سوال نمبر 20: "ہائے! میری کتاب کھو گئی۔" اس جملے میں استعمال ہوا ہے:

(a) حرفِ ندا (b) حرفِ تاسف (c) حرفِ تاکید (d) حرفِ استفہام

سوال نمبر21:"اک جگہ کیسے اکٹھے کر دیے ہیں سات رنگ / / شوخ ہیں ساتوں کے ساتوں اک نہیں مات رنگ "اس شعر میں خوب صورتی کا اظہار ہے:

(a) روشنی کی (b) چاند کی (c) قوس قزح کی (d) ستارے کی

سوال نمبر22:"بیٹھے بیٹھے پھینک دیا ہے آتش دان میں کیا کیا کچھ "اس مصرعے میں "آتش دان" سے مُراد ہے:

(a) برتن رکھنے کی جگہ (b) کتاب رکھنے کی جگہ (c) پھول رکھنے کی جگہ (d) آگ جلانے کی جگہ

سوال نمبر23:"کالا گھوڑا سفید سواری ایک کے بعد دوسرے کی باری۔"اس پہیلی کی درست بوجھ ہے:

(a) کالا اور سفید رنگ (b) توا اور روٹی (c) گھوڑا اور گاڑی (d) بس اور مسافر

سوال نمبر24:ایک اچھے دوست کی خصوصیت ہو گی:

(a) دوسروں کی برائیاں کرنا (b) خود غرضی کا مظاہرہ کرنا
(c) مشکل وقت میں ساتھ دینا (d) حسد اور رقابت رکھنا

سوال نمبر25:کوئی مشکوک شے دیکھنے پر ہمیں چاہیے کہ:

(a) خاموش رہیں۔ (b) وہاں سے دور چلے جائیں۔
(c) اس شے کو اٹھالیں۔ (d) فوراً پولیس کو آگاہ کریں۔

سوال نمبر26:فضائی آلودگی کو کم کرنے کے لیے ہمیں چاہیے کہ:

(a) صنعتی دھوئیں کو نظر انداز کریں۔ (b) گاڑیوں کا استعمال بڑھائیں۔
(c) پلاسٹک کا استعمال کریں۔ (d) سبزہ زاروں کی تعداد بڑھائیں۔

سوال نمبر27:"اس موسم میں ہر طرف سبزہ ہی سبزہ نظر آتا ہے۔ ہر طرف پرندوں کے چہچہانے کی آوازیں ہوتی ہیں۔"اس عبارت میں منظر کشی ہے:

(a) موسم خزاں کی (b) موسم بہار کی (c) موسم گرما کی (d) موسم سرما کی

پیراگراف ہدایات*

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور درست جوابات کی نشان دہی کریں۔

مصنوعی ذہانت دو الفاظ کا مجموعہ ہے۔ مصنوعی کا مطلب اصل کی کاپی یا جو قدرتی نہ ہو۔ ذہانت کا مطلب سوچنا، سمجھنا، تجزیہ کرنا، حالات کے مطابق فیصلہ اور ردعمل دینا ہے۔ مصنوعی ذہانت کا مقصد کمپیوٹر، مشین یا سافٹ ویئر کے اندر ایسی صلاحیتیں پیدا کرنا ہے جو خود سے انسانوں کی طرح سوچ اور عمل کر سکیں۔ انسان مصنوعی اشیا تو ہزاروں برس سے بنا رہا ہے۔ کلہاڑی، آگ کی دریافت اور پہیے کے سفر سے چاند تک کا سفر طے کر کے اب انسان مصنوعی ذہانت کے دور میں داخل ہو چکا ہے۔ مصنوعی ذہانت کا تصور بہت قدیم ہے یہاں تک کہ قدیم یونانی و مصری افسانوں اور عربوں کی ریاضی میں اس کی بنیاد اور تذکرہ ملتا ہے۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران مشہور برطانوی کمپیوٹر سائنس دان ایلن ٹورنگ نے پیغامات وصول کرنے کے لیے ایک مشین بنائی جس کی بنیاد مصنوعی ذہانت پر تھی۔

سوال نمبر28:مصنوعی ذہانت الفاظ کا مجموعہ ہے:

(a) 1 (b) 2 (c) 3 (d) 4

سوال نمبر29:مصنوعی ذہانت استعمال کی جاتی ہے:

(a) جانوروں کے لیے (b) پرندوں کے لیے (c) مشینوں کے لیے (d) انسانوں کے لیے

سوال نمبر30:مصنوعی ذہانت اور اس کا تصور بہت قدیم ہے۔"لفظ "قدیم" سے مراد ہے:

(a) نیا (b) پرانا (c) موجودہ (d) آخری

سوال نمبر31:برطانوی سائنس دان نے مشین بنائی جس کا کام تھا:

(a) پیغام پڑھنا (b) پیغام لینا (c) پیغام لکھنا (d) پیغام یاد کرنا

سوال نمبر32:دی گئی عبارت کا موزوں عنوان ہے:

(a) مصنوعی ذہانت (b) مصنوعی اشیا (c) مصنوعی اعضا (d) مصنوعی ماحول

## حصہ دوم:انشائیہ سوالات

سوال نمبر33:درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔(کل نمبر10)

ہر قطرہ کے دل میں تھا یہ خطرہ — ناچیز ہوں میں غریب قطرہ
کیا کھیت کی میں بجھاؤں گا پیاس — اپنا ہی کروں گا ستیاناس

سوال نمبر34:"کتابوں کی اہمیت" کے عنوان پر250 الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔(کل نمبر10)

سوال نمبر35:بھائی کے نام خط لکھیں جس میں اسے اپنی امتحانی کارکردگی سے متعلق بتائیں۔(کل نمبر10)

سوال نمبر36:"سونے کے انڈے دینے والی مرغی" کے عنوان سے کہانی تحریر کریں۔(کل نمبر10)

سوال نمبر37:درج ذیل نثر پارہ کو غور سے سنیں اور پوچھے جانے والے سوالات کے زبانی جواب دیں۔(نثر پارہ اور سوالات روبرکس میں موجود ہیں)۔(6نمبر)

سوال نمبر38:درج ذیل نثر پارہ کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھیں۔(نوٹ:نثر پارہ روبرکس میں دیا گیا ہے۔)(کل نمبر6)